ملفوظات
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کنز الایمان۔ فتاویٰ رضویہ۔ احکام شریعت۔ حدائق بخشش۔ الامن والعلیٰ۔
شمع شبستانِ رضا، جیسی شاہکار کتابوں کے مصنف
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی شاہکار تصنیف

ملفوظات

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشران

بک کارنر پرنٹرز پبلشرز مین بازار جہلم

فون نمبر دوکان: 624306 فون نمبر رہائش: 614977
ای میل: Bookcornerjm@yahoo.co.in

نام کتاب	....	ملفوظات
مصنف	....	مولانا احمد رضا خان بریلویؒ
سرورق	....	امر شاہد
مطبع	....	فرینڈز پرنٹرز، جہلم
ہدیہ	....	-/[illegible] روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام، اُردو بازار لاہور

مکتبہ رحمانیہ، اقراء سنٹر اُردو بازار لاہور

شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور

علم و عرفان پبلشرز، اُردو بازار لاہور

خزینہ علم واَدب، اُردو بازار لاہور

رحمٰن بک ہاؤس، اُردو بازار کراچی

ضیاء الدین پبلی کیشنز، نزد شہید مسجد کھارادر کراچی

ادارۃ الانور، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ) اُردو بازار کراچی

عرض: معمولی چھینٹ جس کے پاجامے عورتوں کے ہوتے ہیں، خوشدامن کا پاجامہ ایسی چھینٹ کا ہو اس پر سے اس کے جسم ہاتھ بشہوت لگائے تو کیا حکم ہے۔

ارشاد: اگر ایسا کپڑا ہے کہ حرارت جسم کی نہ معلوم ہو جب تو نہیں ورنہ حرمت مصاہرت ثابت ہو جائے گی۔

عرض: یہ جو مولود شریف کی بعض کتب میں لکھا ہے کہ جس رات حضرت آمنہ خاتون حاملہ ہوئیں دو سو عورتیں رشک وحسد سے مرگئیں یہ صحیح ہے یا نہیں۔

ارشاد: اس کی صحت معلوم نہیں البتہ چند عورتوں کا بہ تمنائے نور نبی کریم ﷺ مرجانا ثابت ہے۔

عرض: اسقاط[1] کی حالت میں چند سیر گندم اور قرآن عظیم دیا جاتا ہے اس میں کل کفارہ ہو جائے گا یا نہیں۔

ارشاد: جس قدر ہدیہ قرآن عظیم کا بازار میں ہے اتنے کا کفارہ ادا ہو جائے گا۔

عرض: ثمن کے اندر عاقدین مختار ہیں جتنا چاہیں طے کرلیں۔

ارشاد: یہاں کہ صدقہ دیا جارہا ہے وہی بازار کے بھاؤ کا اعتبار ہوگا۔

عرض: خطبہ کے وقت عصا ہاتھ میں لینا سنت ہے یا کیا۔

ارشاد: اختلاف ہے علماء کا بعض کہتے ہیں کہ سنت ہے۔ اور بعض مکروہ بتاتے ہیں۔

جب سنت کراہت متعارض ہوں تو ترک اولیٰ ہے

عرض: سنت ومکروہ میں تعارض ہو تو کیا کرنا چاہیے۔

ارشاد: ترک اولیٰ ہے جامع الرموز میں محیط سے نقل کیا ہے کہ سنت ہے اور محیط ہی میں ہے کہ مکروہ ہے اسی کو ہندیہ میں نقل کیا ہے۔

دیہات میں جمعہ جائز نہیں جو پڑھتے ہوں انہیں منع نہ کیا جائے

عرض: دیہات میں جمعہ نہ پڑھنے کے مسائل ورسائل علماء نے لکھے ہیں۔ اس سے اہل دیہات بہت پریشان ہیں۔

---

[1] اسقاط میں قرآن عظیم دینے سے اتنا ادا ہوگا جو اس قرآن عظیم کا بازار میں ہدیہ ہے۔

ارشاد: مذہب حنفی میں جمعہ وعیدین جائز نہیں۔ لیکن جہاں قائم ہے وہاں منع نہ کیا جائے اور جہاں نہیں ہے وہاں قائم نہ کیا جائے آخر شافعی مذہب پر تو ہو ہی جائے گا۔ ایسی صورت میں جہلا جمعہ تو جمعہ ظہر بھی چھوڑ دیں گے۔ اَرَاَیْتَ الَّذِیْ یَنْھٰی عَبْدًا اِذَا صَلّٰی سے خوف کرنا چاہئے۔ مولا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے منقول ہے کہ ایک شخص کو طلوع آفتاب کے وقت نفل پڑھتے ہوئے دیکھ کر منع نہ فرمایا۔ جب وہ پڑھ چکا تو مسئلہ تعلیم فرمایا۔

عرض: حضور کی قسم کھا کر خلاف کرنے سے کفارہ لازم آئے گا یا نہیں۔

ارشاد: نہیں۔

عرض: حضور کی قسم کھانا جائز ہے۔

ارشاد: نہیں۔

عرض: کیا بے ادبی ہے۔

ارشاد: ہاں۔

عرض: خلال تانبے پیتل کا گلے میں لٹکانا کیسا ہے۔

ارشاد: ناجائز ہے کیونکہ یہ تعلیق کے حکم میں ہے، ویسے جائز ہے اور سونے[۱] چاندی کا حرام ہے۔ بلکہ عورتوں کو بھی ایسے[۲] ہی سونے چاندی کے ظروف میں کھانا ناجائز ہے اور گھڑی[۳] کی چین بھی عام ازیں کہ چاندی کی ہو یا پیتل کی ہاں ڈورا باندھ سکتا ہے۔

عرض: جوان غیر محرم عورت کے سلام کا جواب دینا چاہئے یا نہیں۔

ارشاد: دل میں جواب دے۔

عرض: اگرچہ غائبانہ نامحرم کو سلام کہلائے۔

ارشاد: یہ بھی ٹھیک نہیں۔

---

۱ تانبے پیتل کا خلال گلے میں لٹکانا جائز نہیں، ۲ سونے چاندی کا خلال مرد و عورت سب پر حرام ہے: سونے چاندی کے برتن کا استعمال عورت مرد سب پر حرام ہے۔ ۳ گھڑی کی چین کسی دھات کی نہ چاہئے۔